# اطلاع برائے غیر معمولی اجلاس عام

MITCHELL'S®

## مچلز فروٹ فارمز لمیٹڈ

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ مچلز فروٹ فارمز لیمیٹیڈ کے شیئر ہولڈرز کا غیر معمولی اجلاس عام بروز پیر مورخہ 30 اپریل 2018 کو بوقت 10:00 بجے دن کمپنی کے رجسٹرڈ آفس 40-A، ظفر علی روڈ، گلبرگ V، لاہور میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا۔

**عمومی معاملات**

1۔ سالانہ اجلاس عام منعقدہ 15 فروری 2018 کی کاروائی کی توثیق۔

2۔ کمپنیز ایکٹ 2017 سیکشن (1) 159 کے بموجب یکم مئی 2018 سے (3) تین سال کی مدت کیلیئے ڈائریکٹران کا انتخاب۔
ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹران یہ ہیں:۔

| | |
|---|---|
| 1- جناب سید محمد محسن | 2- سیدہ سطوت محسن |
| 3- سیدہ میمانت محسن | 4- جناب سید مہدی محسن |
| 5- جناب شاذاد غفار | 6- جناب محمد ظاہر |
| 7- جناب معاذ محی الدین | 8- سیدہ ام کلثوم امام |
| 9- جناب جمال نسیم- این- آئی- ٹی- نامزدگی | 10- جناب رضوان بشیر |
| 11- جناب پرویز حیات نون | |

بورڈ نے ڈائریکٹران کی تعداد گیارہ (11) مقرر کی ہے۔

**دوسرے معاملات**

3۔ صاحب صدر اجلاس کی اجازت سے کمپنی کے کسی دیگر امر کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ

لاہور — نعمان منور

مورخہ 9 اپریل 2018 — کمپنی سیکرٹری

**نوٹ:۔**

1۔ کمپنی کی شیئرز ٹرانسفر بک 23 اپریل 2018 تا 30 اپریل 2018 (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ ٹرانسفرز جو کمپنی کے رجسٹرار اور شیئرز ٹرانسفر آفس کورپلنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ونگ آرکیڈ، K-1، کمرشل، ماڈل ٹاؤن، لاہور میں 22 اپریل 2018 کاروباری اوقات کے اختتام دوپہر 1:00 بجے تک وصول ہوں گی، بروقت قرار دی جائینگی۔

2۔ ڈائریکٹران کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہشمند چاہے وہ ریٹائر شدہ ڈائریکٹر ہی ہو یا کوئی اور ممبر کو اجلاس ہذا سے چودہ روز قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں نوٹس برائے رضامندی انتخاب بحثیت ڈائریکٹر داخل کرنا ہوگا۔ اظہار رضامندی کے نوٹس کے ساتھ کوڈ آف کارپوریٹ گوورننس کے تحت مطلوب ڈیکلریشن بھی دینا ہوگا۔

3۔ ممبر جو اجلاس ہذا میں شریک ہونے اور ووٹ دینے کا/ کی حقدار ہے کسی دوسرے ممبر کو اپنا پراکسی مقرر کرسکتا/ کرسکتی ہے۔ پراکسی موثر ہونے کیلئے اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں موصول ہونی چاہئے۔

4۔ شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ اگر ان کے پتے میں کسی قسم کی تبدیلی ہوئی ہے تو وہ اس کی فوری اطلاع کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کو دیں اور اگر انہوں نے لسٹنگ ریگولیشن کے تحت کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی جمع نہیں کروائی تو وہ بھی جمع کروادیں۔

5۔ اجلاس میں شرکت کے اہل CDC کے انفرادی مالک اپنی شناخت کیلئے اصل قومی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ یا پاسپورٹ اپنے ساتھ لائیں۔ پراکسی کی صورت میں اپنے قومی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقل منسلک کریں۔ کارپوریٹ ممبرز اپنی شناخت کیلئے اس موقع پر درکار معمول کی ضروری دستاویزات ہمراہ لائیں۔